SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**April 10, 2017**
***For immediate release***

پاکستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے ایس ای سی پی نے اہم اقدامات کئے؛اعزاز چودھری

اسلام آباد، ۱۰ اپریل :امریکہ میں پاکستان کے سفیر اعزاز چودھری نے کہاہے کہ ملک میں سرمایہ کاری کے فروغ اور بیرونی سرمایہ کاروں کو سہولتیں اور آسانیاں فراہم کرنے کے لئے حال ہی میں سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن نے جو اقدامات کئے، انہیں بین الاقوامی سطح پر سراہا جا رہا ہے۔ وہ واشنگٹن میں ایس ای سی پی کے ایک وفد سے بات چیت کر رہے تھے۔ ایس ای سی پی کے افسران نے امریکہ کے سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن میں سکیورٹیز مارکیٹ کی ترقی و فروغ پر ستائیسویں سالانہ کانفرنس میں شرکت کی۔ ایس ای سی امریکہ نے پاکستان میں سکیورٹیز مارکیٹ میں کی جانے والی اصلاحات کے پس منظر میں ایس ای سی پی کو خصوصی طور پر اس سالانہ کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی تھی۔

اعزاز چودھری نے ملک میں سرمایہ کاروی کو فروغ دینے کی غرض سے کارپوریٹ سیکٹر اور کیپیٹل مارکیٹ میں متعارف کروائی گئی اصلاحات کو سراہا اور ایک منظم کارپوریٹ سیکٹر اور مالیاتی مارکیٹ کے قیام کے لئے جامع ریگولیٹری کردار ادا کرنے پر ایس ای سی پی کی قیادت کی تعریف کی۔ اس موقع پر امریکہ کے کامرس ڈیپارٹمنٹ کے اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ کیپیٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروبار کے لئے موزوں اور سازگار ماحول فراہم کرنے کے لئے قوانین میں ترامیم کے ذریعے اہم اصلاحات متعارف کروائیں جن میں سکیورٹیز ایکٹ 2015 کا اجرا، ایس ای سی پی ایکٹ 1997 میں ترامیم، غیر مالیاتی بینکاری اداروں کے ضوابط کی تشکیل نو، سکیورٹیز بروکرز کے ضوابط میں ترامیم، ریسرچ انالسٹ ریگولیشن اور پرائیویٹ ایکویٹی فنڈ ریگولیشن کا اجرا قابل ذکر ہیں۔

ان قانونی اصلاحات کے ساتھ ساتھ، سرمایہ کاری کے فروغ اور سرمایہ کاروں کے مفادات کے تحفظ کے لئے کارپوریٹ سیکٹر اور غیر مالیاتی بینکاری شعبے کے ریگولیٹری فریم ورک کی بھی تشکیل نو کی گئی ہے۔ ایس ای سی پی نے بروکروز کی انسپکشن اور نگرانی کے لئے ایک موثر نظام وضع کیا ہے جبکہ کیپیٹل مارکیٹ کے شراکت داروں کی نگرانی کے لئے ایک مشترکہ انسپکشن ٹیم بھی تشکیل دی گئی ہے۔ امریکہ کے کامرس ڈیپارٹمنٹ کے حکام نے کانفرنس میں مستعدی کے ساتھ شریک ہونے پر ایس ای سی پی کے افسران کو سراہا۔ اعزاز چودھری نے کہا کہ پاکستان کی حکومت امریکہ سے تعلقات کو بہت اہمیت دیتی ہے اور دونوں ملکوں کے مابین تجارت اور سرمایہ کاری میں اضافے کی خواہشمند ہے۔

اس سے پہلے امریکہ کے سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن کے سربراہ مائیکل پائیوار نے بھی ایس ای سی کی سالانہ کانفرنس سے خطاب میں ایس ای سی پی کی کوششوں اور اقدامات کی تعریف کی تھی۔ دیگر ممالک کے وفود نے بھی پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹ میں کی گئی اصلاحات کو سراہا۔